تربیتی نصاب

حصہ اوّل


برائے مکاتبِ قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

❶ نورانی قاعدہ ❷ ایمانیات و عبادات ❸ احادیث و مسنون دعائیں

❹ سیرت و اخلاق و آداب ❺ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب



maktabahaquddusia.com

جمع و ترتیب

علماء کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر [illegible]

تقریظ

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

سابق صدر دارالعلوم کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



تربیتی نصاب (حصہ اوّل)

برائے مکاتبِ قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت
کے لیے ایک مختصر اور آسان نصاب

maktabatqudusia.com

طالب علم/طالبہ کا نام: ..... ولدیت: .....

مکتب کا نام: ..... مُعلّم/مُعلّمہ کا نام: .....

تقریظ
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی رحمہ اللہ
سابق صدر دار العلوم کراچی

دُعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب رحمہ اللہ علیہ
سابق رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

CamScanner

تربیتی نصاب حصہ اوّل کا خاکہ

قرآن کریم	نورانی قاعدہ	مکمل نورانی قاعدہ، نقطے، الف سے یا تک حروف کی پہچان، موٹے حروف، نرم حروف، سیٹی والے حروف، مرکبات، حرکات، تنوین، کھڑی حرکات، جزم، حروف مدہ، حروف لین.....الیٰ آخرہ۔
ایمانیات وعبادات	حفظ سورۃ	سُوْرَةُ الْفَاتِحَة، سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَةُ الْفَلَقِ اور سُوْرَةُ النَّاسِ۔
	عقائد	کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، اللہ تعالیٰ، اسمائے حسنیٰ "اَلرَّحْمٰنُ" سے "اَلْبَارِئُ" تک، ہمارا دین۔
	طہارت	وضو کا طریقہ۔
	نماز اور مسائلِ نماز	نماز کی اہمیت وفضیلت، کلمات نماز ترجمے کے ساتھ، نماز پڑھنے کا طریقہ، عورتوں کی نماز کا طریقہ۔
احادیث ومسنون دعائیں	آٹھ احادیث ترجمے کے ساتھ	① بھائی چارگی ② سلام پھیلانا ③ غصے کی ممانعت ④ صحیح رکوع وسجدہ ⑤ کھانے کا اہم ادب ⑥ صلہ رحمی کا حکم ⑦ مدد صرف اللہ تعالیٰ سے مانگنا ⑧ ظلم کی ممانعت
	مسنون دعائیں	خاص خاص موقعوں پر کہے جانے والے اذکار، کھانے سے پہلے کی دعا، کھانے کے شروع میں "بسم اللہ" پڑھنا بھول جائیں تو یہ پڑھیں، کھانے کے بعد کی دعا، دودھ پینے کے بعد کی دعا، سونے کی دعا، سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا، علم میں اضافے کی دعا، وضو کے درمیان کی دعا، وضو کے بعد کی دعا۔
اخلاق وآداب و سیرت	سیرت	ہمارے پیارے نبی ﷺ، آپ ﷺ کی پیدائش، پرورش، آپ ﷺ کی چند عادات مبارکہ۔
	چوبیس گھنٹے کے مسنون اعمال اخلاقیات وآداب	تَعَوُّذ، تَسْمِیَہ، سلام، والدین کا ادب، پینے، کھانے اور سونے کے آداب۔
زبان وبیان	عربی	عربی میں ایک سے ۲۰ تک گنتی، دنوں کے نام، قمری اور شمسی مہینوں کے نام۔
	اردو	حروف کی پہچان، دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی اور پانچ حرفی الفاظ، الف مد کے ساتھ۔
	بیان ودعا	ایک بیان اور دو قرآنی دعائیں۔

maktabaqurtasia.com

CamScanner

کلماتِ تبریک

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ

سابق صدر وفاق المدارس العربیہ، پاکستان

محترم احباب ائمہ مساجد/ ذمہ داران مکاتب و اسکول

السلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہٗ

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر وعافیت ہوں گے اور دین کی مبارک محنت اور عوام الناس کی تعلیم وتربیت میں مصروف ہوں گے۔

مساجد ومکاتب قرآنیہ اور اسکول کے لیے مفید درسی کتب کا تعارف:

اللہ تعالیٰ نے آپ حضرات کو ایک اہم ذمہ داری نصیب فرمائی ہے۔ مسجد میں ناظرہ قرآن پاک پڑھنے کے لیے آنے والے بچے اور بچیاں الحمدللہ کافی تعداد میں ہیں، ان کی بچپن ہی سے بنیادی تربیت ہو جائے تو اس سے ان شاء اللہ مثالی معاشرہ وجود میں آئے گا۔

1. اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! وفاق المدارس کے فضلائے کرام نے مکاتب قرآنیہ میں ناظرہ قرآن کریم پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کی تعلیم وتربیت کے لیے ''تربیتی نصاب'' کے عنوان سے پانچ سالوں پر مشتمل ایک نصاب مرتب فرمایا ہے، جو ان پانچ مضامین پر مشتمل ہے:

① قرآن کریم ② ایمانیات وعبادات ③ احادیث ومسنون دعائیں
④ سیرت واخلاق وآداب ⑤ عربی واردو زبان

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مربوط ہے، روزانہ ڈیڑھ گھنٹہ اجتماعی پڑھانے کی ترتیب ہے۔ اگر یہ نصاب مرتب کیے گئے نظام کے تحت پڑھایا جائے تو امید ہے کہ ان شاء اللہ ہر بچہ/ بچی ناظرہ قرآنِ کریم کے ساتھ ساتھ دین کی اہم وبنیادی تعلیم بھی آسانی کے ساتھ حاصل کرلے گا اور کم وقت میں بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

2. اسکول میں پڑھانے کے لیے مفید درسی کتب میں سے اسلامیات، اردو اور انگریزی کی بعض کتب اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تیار ہو چکی ہیں۔ ان کتب میں بنیادی طور پر اس بات کی طرف توجہ دی گئی ہے کہ امتِ مسلمہ کے نونہالان کی معیاری اور صحیح تعلیم وتربیت ہو۔

گزارش ہے کہ آپ کے محلہ یا حلقہ احباب میں کوئی اسکول سے متعلق ہو تو ان اسکولوں میں بھی ان کتب کا تعارف کروائیں۔

امید واثق ہے کہ مندرجہ بالا گزارشات پر عمل فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

سلیم اللہ خان

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تعلیمی ایام

1. اس نصاب میں ہر مضمون کے دس اسباق دیے گئے ہیں ہر سبق تسلسل کے ساتھ پانچ دن پڑھا کر مکمل کریں پھر اگلے مضمون کا سبق شروع کریں۔ اس طرح دس ماہ میں یہ نصاب مکمل ہوگا۔ بقیہ دو ماہ رمضان، عید الفطر، عید الاضحیٰ وغیرہ کی تعطیل کے ہوں گے۔
2. اس نصاب میں ہر مہینے کی پڑھائی، دہرائی، ماہانہ جائزہ، بزم اور تعطیل کے دن متعین کیے گئے ہیں۔
3. ہر مہینے میں بیس دن پڑھائی کے بعد، تین دن دہرائی کے، دو دن ماہانہ جائزے، ایک دن بزم اور باقی چار دن ہفتہ وار چھٹی کے ہوں گے۔

پڑھائی	20 دن
دہرائی	3 دن
جائزہ	2 دن

بزم	1 دن
تعطیل	4 دن
کل	30 دن

4. بزم والے دن پڑھائے گئے اسباق میں سے طلبا/ طالبات کا آپس میں سوال و جواب کی صورت میں تقریری مقابلہ کرائیں۔

خانوں میں دستخط کی ترتیب:

1. ہر سبق کے لیے جو دن متعین ہیں ان کو صفحے کے آخر میں لکھ دیا گیا ہے۔
2. سبق کے ختم پر دستخط کے خانوں میں دستخط کر دیں اور طلبا/ طالبات کو اس بات کا پابند کریں کہ اپنے سرپرست سے بھی دستخط کرائیں۔

غیر حاضر طلبا/ طالبات کی ترتیب:

غیر حاضری کی وجہ سے طالب علم کا جتنا سبق رہ گیا اس کے متعلق غور فرمالیں، اگر وہ سبق ایسا ہے کہ اس کے بغیر اگلا سبق سمجھ نہیں آ سکتا تو اس کو انفرادی طور پر پڑھالیں، جیسے نورانی قاعدہ کا سبق اور اگر ایسا سبق ہے کہ اس کے بغیر بھی اگلا سبق سمجھ آ جائے گا تو اس کو چھوڑ دیں تا کہ اجتماعیت باقی رہے اور اس چھوٹے ہوئے سبق کو دہرائی کے دنوں میں یاد کرانے کی کوشش کریں۔

maktabaquddusia.com

CamScanner

نظام الاوقات

1. نصاب میں شامل مضامین میں سے نورانی قاعدہ تجوید کے ساتھ روزانہ پڑھائیں، بقیہ چار مضامین میں سے ہر مضمون کا ایک ایک سبق تسلسل کے ساتھ پانچ دن پڑھا کر اگلے مضمون کا سبق شروع کریں اور اسے بھی تسلسل کے ساتھ پانچ دن پڑھائیں، اس طرح مہینے میں ہر مضمون کا ایک ایک سبق مکمل ہو جائے گا۔
2. مضامین پڑھانے کے لیے اوقات مقرر ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:

عنوانات	دن	اوقات
افتتاحی اجتماع	روزانہ	۵/منٹ
نورانی قاعدہ	روزانہ	۶۰/منٹ
ایمانیات وعبادات	پانچ دن	۲۰/منٹ
احادیث ومسنون دعائیں	پانچ دن	۲۰/منٹ
سیرت واخلاق وآداب	پانچ دن	۲۰/منٹ
زبان (عربی اور اردو)	پانچ دن	۲۰/منٹ

وضاحت: افتتاحی اجتماع میں روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کے ساتھ ساتھ ہفتے کے چھ دنوں میں چھ مختلف عنوانات حسب ترتیب ہوں: ① حمد ② نعت ③ کلمے ④ کلمات نماز ⑤ احادیث ⑥ مسنون دعائیں

نوٹ: بقیہ وقت میں

- نماز کی ڈائری دیکھیں۔
- کتاب کے آخر میں عمل چارٹ موجود ہیں، اس میں دی گئی ترتیب کے مطابق اس مہینے کے عملی کام پر عمل کرنے کی ترغیبی بات کریں۔
- گزشتہ کل کی مختصر کارگزاری سنیں۔

☆ نیز مضامین کے لیے جو اوقات دیے گئے ہیں ان میں کمی اور اضافے کی گنجائش ہے۔

☆ آٹھویں، نویں اور دسویں مہینے میں اسباق کے آخری چار دن نورانی قاعدہ پڑھانے کے بجائے سورتیں یاد کرائیں۔

maktabaqudduisia.com

CamScanner